زبان میری ہے بات اُن کی

ساغر اقبالی

☆ رحیم یار خان: بیٹی کو جہیز میں ۲۵۰ بوری گندم دی گئی۔ (ایک خبر)

موجودہ حالات میں اس سے بہتر تحفہ نہیں۔

☆ آٹے، بجلی، گیس کے بحران سے ق لیگ کو کوئی فرق نہیں پڑے گا۔ (شیر افگن)

بندہ ڈھیٹ ہونا چاہیے

☆ سابق وزیر اعظم شوکت عزیز اہلیہ کے ہمراہ لندن روانہ۔ (ایک خبر)

تماشا دکھا کر مداری گیا!

☆ آٹے کے بحران کے ذمہ دار بنگلوں میں ہیں، ہم گھنٹوں سے قطار میں کھڑے باری کے منتظر ہیں۔ (شہری)

میرے ادھر بھی آدمی ہیں اور ادھر بھی آدمی   اِن کے جوتوں پر چمک ہے ان کے چہروں پر نہیں

☆ پاکستان کے ۸۷ اضلاع میں سالانہ آمدنی ۶۰۰۰ روپے یعنی ماہانہ ۵۰۰ روپے فی کس ہے۔ (ورلڈ فوڈ پروگرام اقوام متحدہ)

حکمران کہتے ہیں ہماری معیشت بہت مضبوط ہے، کوئی پرابلم ہی نہیں

☆ یہ لال حویلی نہیں، لال مسجد کا دور ہے۔ (جاوید ہاشمی)

پہلے ن لیگ تھا اب تو کچھ اور ہے

☆ صوبائی، قومی اور بین الاقوامی لوٹوں سے بھرے ہوئے کریٹ۔ (ایک تصویر)

ایک خریدیں، دوسرا مفت ملے گا۔

☆ آٹا ۳۰ روپے کلو تک جا پہنچا، عوام سرکاری تھیلوں کے لیے خوار۔ (ایک خبر)

لیناں دے وچ دھیاں بہناں   آکھن گھی تے آٹا لیناں

اَگے مُنڈے پچھے مُنڈے   نِت تماشا ویکھن غنڈے

☆ ملک کو جمہوریت نہیں مخلص آمر کی ضرورت ہے۔ (نگران صوبائی وزیر اعجاز درانی)

ملک کی ضرورت بھی ہے کہ نہیں؟

☆ آٹا بحران کے ذمہ دار عوام ہیں۔ (نگران وزیر خوراک)

شرم تم کو مگر نہیں آتی

☆ میں مردوں کے اشاروں پر نہیں رکتی۔ (ٹریفک اشارہ توڑنے پر ق لیگ کی مصباح کوکب کا اہلکار کو جواب)

اسی لیے حکومت نے چوکوں پر لیڈیز ٹریفک پولیس کھڑی کر دی ہے۔